الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 05دسمبر ،2017

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 7دسمبر 2017ءکو قومی ووٹر دن(National Voters Day) کو پورے ملک میں شایان شان طریقے سے منانے کے لئے تمام انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔اس سلسلے میں مرکزی تقریب ایوان صدر میں ہو گی جو دن 11 بجے شروع ہو گی۔ صدر ممنون حسین مہمان خصوصی ہوں گے۔اور چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا تقریب سے خطاب کریں گے اور ووٹ کی اہمیت پر روشنی ڈالیں گے۔ صدر ممنون حسین بھی قومی ووٹر دن کے موقع پر تقریب سے خطاب کریں گے۔ ملک بھر اور اسلام آباد دارالخلافہ سے چیدہ چیدہ اور سرکردہ لوگوں کے ساتھ سول سوسائٹی اور سرکاری ملازمین کی بہت بڑی تعداد اس میں شریک ہوں گے۔ تمام لوگوں کو الیکشن کمیشن کی جانب سے دعوت نامے وصول ہو چکے ہیں۔اسلام آباد کی تمام شاہراہوں پر بینرز اور سٹیمرز لگادیئے گئے ہیں اور مزید بھی لگائیں جارہے ہیں تاکہ عوام کو ووٹ کی اہمیت کا احساس اور اپنی قومی ذمہ داری سے آگاہ کیا جائے۔

اسلام آباد دارالخلافہ کی مرکزی تقریب کے علاوہ چاروں صوبائی دارلخلافوں میں بھی تقریبات منعقد ہوں گی۔ جس میں متعلقہ صوبوں کے گورنرز مہمان خصوصی ہوں گے اور چاروں ممبران الیکشن کمیشن چاروں صوبوں کی مرکزی تقریب میں شرکت کریں گے۔ متعلقہ صوبے کے گورنر ہاؤس میں ہونے والی مرکزی تقریب میں گورنر مہمان خصوصی ہوں گے اور خطاب کریں گے۔اس کے ساتھ متعلقہ ممبر الیکشن کمیشن اور صوبائی الیکشن کمشنر بھی ووٹ کی اہمیت پر خطاب کریں گے۔ صوبائی سطح پر یہ تقریبات لاہور، کوئٹہ، پشاور اور کراچی کے گورنر ہاؤسز میں منعقد ہوں گی۔ہر صوبے کے معزز، سرکردہ چیدہ چیدہ لوگ، سول سوسائٹی اور صوبائی سرکاری ملازمین اس میں شریک ہوں گے۔

پاکستان کے ہر ڈویژن اور ضلع کی سطح پر بھی قومی ووٹر ڈے کو منانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ فاٹا کی تمام ایجنسیوں میں یہ بھی یہ شایان شان طریقے سے منایا جائے گا۔ تمام شہروں میں مختلف تقریبات اور آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں معززین علاقہ، سول سوسائٹی اور میڈیا بھر پور شرکت کریں گے۔ پاکستان کے تمام شہروں کی اہم شاہراہوں پر بیزز اور پوسٹرز آویزاں کر دیئے گئے ہیں تاکہ عوام کو 7 دسمبر قومی ووٹر دن اور ووٹ کی اہمیت کا احاس دلایا جاسکے۔ عام انتخابات 2018ء کی آمد کے سلسلے میں قومی ووٹر ڈے کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔اس دن کو منانے سے عوام میں ووٹ کی اہمیت کا احاس اجاگر ہو گا۔اور وہ آنے والے 2018ءکے عام انتخابات میں بھرپور شرکت کریں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆